Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۹ صفر سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲ر جون سنہ ۱۹۳۴ع جلد ۲۰

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
(۲)	احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳
(۳)	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴
(۴)	احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۵ و ۶
(۵)	احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۶
(۶)	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۷ تا ۹
(۷)	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۰ تا ۱۱
(۸)	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	۱۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم — واقع ۲۲ مئی ۱۹۳۴ء

حسب صراحت تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر
اجازت دیجاتی ہے کہ عدالت بغرض کارروائی
صاحب موصوف کی خدمت میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی تحریر ہے کہ اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کی مراجعت تک اے ڈی سی صاحبان خالی رہتے ہیں۔ اس درمیان میں کارخانجات کے کام میں انکو لگا دیا جائے تاکہ کام سے انکو واقفیت ہو جائے۔ نیازمند کو اس تجویز سے اتفاق ہے۔ لہذا حسب ذیل تجویز کیگئی ہے۔

(۱) کپتان صاحبزادہ سید یوسف جمال خانصاحب بہادر۔
فیلخانہ۔ اصطبل کے کام کی نگرانی کریں۔

(۲) کپتان احمد رضا خانصاحب۔
بحیثیت انچارج اسسٹنٹ کنٹرولر کام کر رہے ہیں۔

(۳) کپتان آغا خانصاحب رخصت سے واپس آکر۔
میسانک لاج و صفائی قلعہ معلی کے کام کی نگرانی کریں۔

(۴) لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید علی خانصاحب
سیلون و اسپورٹس کے کام کی نگرانی کریں۔

مذکورہ بالا صیغہ جات میں جو منتظمان و افسران کارخانجات اپنی اپنی جگہ پر کام کر رہے ہیں بدستور اپنا کام انجام دینگے۔

ان اے ڈی سی صاحبان کی حیثیت کارخانجات متذکرہ بالا میں انسپکشن افسر کی رہیگی۔ اور وقتاً فوقتاً کارخانجات کا معائنہ کر کے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی خدمت میں رپورٹ داخل کیا کرینگے۔ عام صفائی و جنرل انتظامی حالت کے علاوہ حساب و کتاب کا معائنہ بھی بطور انسپکشن افسران کرنیکے مجاز ہونگے۔ لیکن براہ راست کارخانجات کو کوئی حکم جاری نہیں کرینگے۔ صرف رپورٹ پیش کرتے رہینگے۔ جو امور قابل توجہ ہونگے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اور نیازمند انپر عملی کارروائی کرینگے۔ براہ مہربانی اسکی اجازت ضابطہ صادر فرمائی جائے۔ ۱۹ مئی ۱۹۳۴ء

نیازمند

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۲ مئی ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر)

روبکار۔ واقع ۲۴ مئی ۱۹۳۴ء

سروس سلکشن بورڈ نے حامد حسین خاں امیدوار باشندہ رامپور کو کسی جگہ مقرر کئے جانے کی سفارش کی ہے۔ لہذا صیغہ فوج یا سول وغیرہ میں کوئی جگہ کلرکی کی خالی ہو تو نامبردہ کا خیال کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:۔

۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

شعبۂ تحریر گارڈین صاحب بہادر عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم دربارۂ منظوری رخصت رعایتی ۲۰ یوم مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب استاد عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم بشمول رخصت محصلہ اتفاقیہ ۱۰ یوم۔

حکم

مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب ۱۰ یوم کی رخصت اتفاقیہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء سے حاصل کر چکے ہیں۔ ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ اب وہ ۱۰ یوم کی ۵ جون ۱۹۳۴ء تک مزید رخصت کے خواستگار ہیں۔ رخصت اتفاقیہ کا انہیں حق نہیں رہا۔ البتہ رخصت رعایتی جس کا حق حاصل ہے منظور کیجاتی ہے۔ لیکن رخصت اتفاقیہ اور رخصت رعایتی دونوں جمع نہیں ہو سکتیں۔

یہ پوری رخصت من ابتدائے ۱۰ مئی لغایتہ ۵ جون ۱۹۳۴ء ۲۰ یوم رخصت رعایتی شمار ہوگی۔

ایام رخصت میں گارڈین صاحب بہادر ان کے کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

۲۹ مئی ۱۹۳۴ء

مثل یادداشت صاحب سول جج دربارۂ منظوری رخصت مزید ایکماہ مطلوبہ سید محمد نبی نقلنویس بسلسلۂ رخصت سابقہ بعوض موجودہ سید ابن علی نبیرہ نامبردہ از یکم جون ۱۹۳۴ء بوجہ علالت زوجہ نقلنویس مذکور۔

حکم

مزید رخصت ایکماہ بعوض موجودہ حسب سفارش صاحب سول جج سید محمد نبی نقلنویس کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

احکام اجلاس جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۲۶ مئی ۱۹۳۴ء

مثل بابت رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب آبکاری بابت تقرر اشخاص مندرجہ تحت از ۱۶ مئی ۱۹۳۴ء بسلسلہ ویونگ سکول حسب منظوری بجٹ مع مالیت برائے سال ۱۹۳۳-۳۴ء

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔ کونسل نے منظوری بنبر ۱۱ لاگی دیدی ہے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

نمبر	عہدہ	نام ملازم	تعداد مشاہرہ
(۱)	ویونگ سکول	حبیب اللہ	ماہوار کام سکھانے والا
(۲)	مستری	نرائن سنگھ	یومیہ — نوتھا سلطے سے لایا گیا ہے۔
(۳)	چپراسی	عبدالوحید	ماہوار تخفیف شدہ میں سے
(۴)	سقہ	حسین	"
(۵)	خاکروب	چندن	"

معہ ماہانہ و یومیہ

تقرر

۲۶ مئی ۱۹۳۴ء

تحصیل ملک میں سردار بہادر ہیڈ اپرنٹس تھا۔ آٹھ روپیہ ماہوار تنخواہ پاتا تھا۔ جو ابھی تھوڑا عرصہ ہوا کہ علاقہ خاص تحصیل میں ... روپیہ ماہوار کا ضلعدار مقرر ہوا ہے۔ اسکی جگہ منہر اسنگھ ولد رام سنگھ پٹواری ساکن موضع لائلپور تحصیل ملک بعہدہ آٹھ روپیہ ہیڈ اپرنٹس تحصیل ملک مقرر کیا جاتا ہے تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ ... سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ سلکشن بورڈ کو اتفاق رائے کیلئے جداگانہ تحریر بھیجدی گئی ہے۔

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

نتیجہ امتحان

واقع ۲۳ مئی ۱۹۳۷ء

نقل نتیجہ امتحان برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رپورٹ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور مورخہ ۱۳ ماہ مئی ۱۹۳۷ء

باجلاس عالیجناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر گذارش ہے کہ نتیجہ امتحان سالانہ عربی و فارسی شاخ الہ آباد یونیورسٹی مفصل کیفیت پرنسپل پروفیسر صاحب و عربی پروفیسر صاحب نے پیش کی ہے بغرض اطلاع حاضر اجلاس کیجاتی ہے۔ اور اس موقع پر مدرسہ عالیہ کے بعض موجودہ مدرسین نے بطور خود جو ترقی کی ہے وہ بھی بغرض ملاحظہ سامی عرض کیجاتی ہے مولوی محمد عبد السلام خاں رامپوری جو کہ فی الحال درجہ ششم درس نظامی کے مدرس ہیں انہوں نے بعد فراغ درس نظامی کے یونیورسٹی الہ آباد و یونیورسٹی پنجاب کے امتحانات ذیل اپنی ذاتی محنت سے پاس کئے ہیں۔

(۱) درس نظامی مدرسہ عالیہ

(۲) عالم الہ آباد

(۳) فاضل ادب الہ آباد۔

(۴) مولوی فاضل پنجاب یونیورسٹی

(۵) منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی

(۶) میٹرک۔

مسٹر سید محمود حسن جو منیجری جو کہ انگریزی میں ایف اے پاس ہیں اور مدرسہ عالیہ میں مدرس دینیات شیعہ ہیں درجہ فاضل الہ آباد یونیورسٹی کی تعلیم انگریزی بھی انکو متعلق ہے [illegible] درجہ منشی اور امسال کامل میں امتحان دیکر کامیابی حاصل کی ہے۔ [illegible] اول الذکر مولوی عبد السلام خاں کی تنخواہ [illegible] ثانی الذکر مسٹر سید محمود حسن کی تنخواہ [illegible] ہر دو صاحبان خاص توجہ اور قدردانی کے مستحق ہیں۔

دستخط پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ

جناب عالی

گذارش ہے کہ نتیجہ امتحان عربی و فارسی شاخ الہ آباد یونیورسٹی درج گزٹ الہ آباد ہو گیا ہے۔ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور سے ۳۱ امیدوار شریک امتحان ہوئے ہیں۔ ۹ طالبعلم عربی درجات سے اور ۲۲ طالبعلم فارسی درجات سے۔ عربی درجات سے ۳ اور فارسی درجات سے ۸ پاس ہوئے مجموعی نتیجہ یہ ہے کہ ۳۱ میں ۱۱ پاس اور ۲۰ فیل ہوئے۔ نتیجہ کی تفصیل حسب ذیل میں درج ہے۔ امیدوار ہوں کہ اس سالانہ نتیجہ کو درج گزٹ رامپور ہونیکا حکم صادر فرمایا جاوے۔ فقط

درجہ کامل الہ آباد

(۱) محمود حسن	پاس
(۲) انیس الرحیم	پاس
(۳) واحد علیخاں	پاس
۶ طالبعلم	فیل

درجہ منشی الہ آباد

(۱) رشید احمد خاں	پاس
(۲) مجید الظفر	پاس
(۳) مشتاق علیخاں	پاس
(۴) مرزا کاظم بیگ	پاس
(۵) اعجاز حسن	پاس
۱۷ طالبعلم	فیل

درجہ مولوی

(۱) ابوالخیر　　پاس
(۲) تفضل حسین　　پاس
×　　×　　×

درجہ عالم عربی

(۱) سید مرتضیٰ علی　　پاس
(۵) فاںبعلم　　فیل

درجہ فاضل

(۱) ایک شریک　　فیل

(۳) امیدوار شریک　　۱۱ پاس　　۲۰ فیل

سید محمد داؤد ناظم خود　　محمد نقی پرنسپل پروفیسر
۲۰ مئی ۱۹۳۴ء　　۱۲ مئی ۱۹۳۴ء

تقرر

واقع ۲۷ مئی ۱۹۳۴ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ صدور حکم منظوری تقرر امتحانا برائے چھ ماہ از ۲ جون ۱۹۳۴ء بمشاہرہ پندرہ روپیہ عہدہ انگلش ٹیچری مدرسہ تحصیلی شاہ آباد - مرتضیٰ حسن امیدوار باشندہ رامپور - ہائی اسکول اگزامینیشن فیل -

حکم

بموجب رپورٹ - تقرر منظور ہے - سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۲۹ مئی ۱۹۳۴ء

جن ملازمان کو تعطیلات کلاں ملتی ہیں - بموسم تعطیلات ان کی رخصت رعایتی نصف تنخواہ پر دیئے جانے کا قاعدہ ہے - چونکہ ماسٹر سید محمود حسن انگلش ٹیچر مدرسہ عالیہ کو تعطیلات کلاں ملتی ہیں - لہٰذا ان کی رخصت عاقی محصلہ ۱۵ یوم از ۱۹ مئی تا ۲ جون ۱۹۳۴ء بوضع نصف تنخواہ شمار ہوگی - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

(دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

واقع ۲۹ مئی ۱۹۳۴ء

بمعائنہ رپورٹ کپتان احمد رضا خاں صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر دریافت ہوا کہ بینزی نما صاباغ کی صفائی کی حالت اچھی نہیں رہتی - اس پر سید منصور محمد نبی سید گک - اور امجد ابدار - کو طلب کر کے معلوم کیا گیا - نامبردگان نے آئندہ کیلئے تو صفائی اچھی رکھنے کا اقرار کیا ہے - لیکن گذشتہ کے لئے وہ اطمینان بخش جواب نہیں پیش کر سکے - ملازمان ذمہ داری اپنے فرائض سے لاپرواہی بحث اعتراض کے قابل ہے - لہٰذا سید منصور کو اس مرتبہ فہمائش کیجاتی کہ آئندہ کام ٹھیک رکھیں اور شکایت کا موقع نہ دیں - محمد نبی سید گک پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے - امجد علی آبدار کا کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ بینزی نما سے قلعہ معلی یا کسی دوسری جگہ تبادلہ کر دیں - اور بینزی نما صاباغ میں سید منصور کی ذمہ داری پر کام کی تعمانی فرمائیں -　　(حسب حکم ہوا کہ)

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

باجلاس مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتداء ۲۵ لغایت ۳۱ مئی ۱۹۴۴ء ہوئی منسلکہ ہذا برائے طبع سرکاری گزٹ
مرسل ہو ۱۰ مورخہ ۳ مئی ۱۹۴۴ء دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۵ مئی ۱۹۴۴ء	جمعہ	.	.	.	تعطیل
۲۶ مئی ۱۹۴۴ء	شنبہ	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	نوبت رای بنام امیر لال وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تکمیل بیعنامہ	اپیل منظور ہوا
۔۔	۔۔	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	کنی لال وغیرہ بنام سرکار ریاست	نگرانی دیوانی بابت [illegible] دفعہ ۱۷۱	برائے سماعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۔۔	۔۔	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	خدیجہ بیگم بنام سعادت یار خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم حصہ فرائضی	زیر تجویز
۔۔	۔۔	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار ریاست بنام شاہ خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم زیر دفعہ [illegible] ت ہ	بقیہ ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۲۷ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۔۔	۔۔	ایضاً	سرکار ریاست بنام عجب نور خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۹۵ ت ہ	بعدم حاضری نیاز رسیج گواہ مقدمہ ملتوی کیا گیا
۔۔	۔۔	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر	سعادت النساء بنام محمد نبی	ابتدائی دیوانی دعوی واپسی اشیاء امانتی	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب کے رخصت پر جانیکی وجہ سے ۳ جون سنہ حال کو سماعت مقرر ہوئی
۲۸ مئی ۱۹۴۴ء	یکشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	چھوٹے لال بنام منا لال	اپیل دیوانی دعوی زر نقد	زیر تجویز
۔۔	۔۔	۔۔	سرکار ریاست بنام شاہ خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم زیر دفعہ [illegible] ت ہ	بقیہ ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۳۰ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۔۔	۔۔	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	نور احمد خاں بنام ڈاکٹر محمد حسین	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ ت ہ	زیر تجویز

تاریخ	روز	عدالت	نام مقدمہ	نوعیت مقدمہ	کیفیت
۲۸ مئی ۱۹۴۴ء	یکشنبہ	مسٹر مظفر علی خاں صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج	سماۃ منی بنام ہری شنکر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۵۰۶ ت	زیر تجویز
۲۹ مئی ۱۹۴۴ء	دوشنبہ	مسٹر جسٹس ہرگنند کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام ... خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	برائے قلمبندی بیان ڈاکٹر و بیان ملزم ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	ہوری لال بنام سرکار بہادر	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	برائے داخل بیان تحریری ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی۔
〃	〃	〃	کنیز بیگم بنام محمد رضا خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم مکان	برائے سماعت ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	مسٹر مظفر علی خاں صاحب ڈسٹرکٹ جج و مسٹر جسٹس ہرگنند کشور صاحب بہادر	بابو رام وغیرہ بنام بنارسی داس	اپیل دیوانی دعوی 〃	برائے سماعت ۳۱ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۳۰ مئی ۱۹۴۴ء	سہ شنبہ	〃	حبیب اللہ بنام شریف احمد	اپیل دیوانی دعوی 〃	برائے سماعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	سوہن لال وغیرہ بنام ہوری لال وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	شہادت مدعیان پیش کرنے کے واسطے ۱۲ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	مسٹر جسٹس ہرگنند کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام رضا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	صفائی پیش کرنے کے واسطے ۳۱ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۳۱ مئی ۱۹۴۴ء	چہار شنبہ	〃	سرکار بہادر بنام رضا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	صفائی پیش کرنے کے واسطے ۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	سماۃ نیاز بیگم بنام ظہور حسین وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی بابت فسخ نکاح	ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	مسٹر مظفر علی خاں صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج	جوالا پرشاد بنام نبی لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۰۸ ت	برائے سماعت ۱۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	بابو رام بنام نبی لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳/۵۰۶ ت	برائے سماعت ۱۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۱ جون ۱۹۴۴ء	پنجشنبہ	〃	چندا بنام رام بخش	اپیل دیوانی دعوی ...	بوجہ تمادی و عدم پیروی اپیل خارج کیا گیا

۲۳ مئی	پنجشنبہ	مسٹر مظہر علی انصار صاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	بابو رام بنام بنارسی کمار	اپیل دیوانی دعوی لعمہ	زیر پیشی
"	"	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بنام منا خان وغیرہ	ابتدائی پیشی جرم نمبر ۳۰۲/۳۴ و ۱۱۵/۲۷ ت	زیر پیشی
"	"	ایضاً	چھوٹے لال بنام منی لال	اپیل دیوانی دعوی حصہ زرفرخت	اپیل ہذا و کراس اپیل جتی دونوں نامنظور ہوئے
"	"	مسٹر مظہر علی انصار صاحب چیف جسٹس	سماۃ منی بنام ہری شنکر	نگرانی فوجداری جرم نمبر ۵۰۶ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	جوالا پرشاد بنام محمد علی خان	اپیل مال دعوی بقایا لگان تعدادی سالہ ۱۳۳۹ف	اپیل ہذا عدالت ماتحت کو بغرض تکمیل امور مصرحہ تجویز واپس کیا گیا۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر مورخہ ۲۳ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

احکام اجلاس صاحب کنٹرولر بہادر پاور ہاؤس

رخصت

واقع ۲۷ مئی سنہ ۳۲ء

عبدالحکیم خاں سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج تنخواہ دار [illegible] یکم جون سے پندرہ یوم کی رخصت چاہتا ہے۔ قابل سپرنٹنڈنٹ سے استحقاق رخصت کی تصدیق کی گئی ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ گراج نے منظوری رخصت کی سفارش کرتے ہوئے تحریر کیا ہے۔ کہ پندرہ یوم بقیہ عملہ سے کام چلا لیا جائیگا۔ اور کوئی حرج نہ ہوگا۔ لہذا رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ [illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر پاور ہاؤس

رخصت

واقع ۲۸ مئی سنہ ۳۲ء

مسمی مشتاق علیخاں داروغہ باغات شاہ آباد مشاہرہ دار [illegible] بابت عطائے رخصت رعایتی ایکماہ از یکم جون سنہ ۳۲ء لغایت آخر جون سنہ ۳۲ء بذمہ داری منشی ممتاز حسین خاں اہلمد سررشتہ [illegible] معہ رپورٹ منشی روپ کشور اہلمد سررشتہ [illegible] بابت استحقاق رخصت۔

حکم

مشتاق علیخاں داروغہ کو رخصت ایکماہ رعایتی بذمہ داری ممتاز حسین خاں اہلمد سررشتہ ہذا من ابتدائی یکم جون سنہ ۳۲ء منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر پاور ہاؤس

رخصت

واقع ۳۰ مئی سنہ ۳۲ء

مثل درخواست [illegible] رخصت رعایتی پندرہ یوم

سید مصطفی شاہ [illegible] اجلاس صاحب کنٹرولر بہادر پاور ہاؤس [illegible] لغایت ۱۱ جون سنہ ۳۲ء بغرض درستی مکان [illegible] بذمہ داری [illegible] اجلاس مذکور۔

حکم

استحقاق رخصت حاصل ہے۔ لہذا رخصت رعایتی [illegible] منظور ہے۔ [illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر پاور ہاؤس

حکم اجلاس سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر جیل

رخصت

مثل رپورٹ کپتان جیلر صاحب زنداں دربارہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم مرزا رشید حسن بیگ محرر جوڈیشل دفتر جیل مشاہرہ دار [illegible] روپیہ بعد تصدیق دفتر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل از یوم استعفا [illegible] بغرض تعمیر مکان بذمہ داری عابد علی انگلش محرر دفتر جیل۔

حکم

حسب سفارش کپتان جیلر صاحب زنداں رشید حسن بیگ محرر جوڈیشل کو رخصت رعایتی پندرہ یوم بذمہ داری عابد علی انگلش محرر منظور کی جاتی ہے نقل احکامات برائے [illegible] بغرض اجرائے احکام جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب کی خدمت میں مرسل ہوں۔ ۲۸ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل

حکم افسر صاحب جنگلات ریاست رامپور

اعلان

۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

اکثر مقامات کی تحقیقات سے ظاہر ہوا ہے کہ پٹواریان گرداوران تحصیل اس وجہ سے کہ محکمہ جنگلات قائم ہو گیا ہے اپنے آپ کو اپنے حلقہ میں حفاظت درختان سے بری الذمہ سمجھتے ہیں اون کو معلوم ہونیکی اشد ضرورت ہے کہ وہ حفاظت کے لحاظ سے اوسی قدر ذمہ دار ہیں کہ جتنا پیشتر تھے۔

اگر کوئی ناجائز حرکت سرزد ہوئی دیکھیں تو فوراً کاروائی ضابطہ عمل میں لانا اون کا فرض ہے۔ اگر مشتہری یا کاٹنے والا اجازت نامہ مجریہ دفتر جنگلات پیش کرے تو جائز سمجھا جائے۔ لیکن اگر وہ بیع ناجائز درخت قطع کرے تو دخل انداز ہو سکتے ہیں اور باضابطہ فوجداری رپورٹ کرنی لازم ہے۔

۱ - محکمہ جنگل سے جن درختوں کا نیلام کیا جاتا ہے اور تخمینہ جات تیار ہوتے ہیں ان درختوں کی جڑ پر ہتھوڑہ نشان پیشتر سے ڈالا جاتا ہے۔ کہ جنکو بعد نیلام و حصول اجازت نامہ مشتری قطع کرنے کا مستحق ہے۔ علاوہ اسکے دوسرے درختان کو قطع کرنا جرم میں داخل ہے۔

۲ - جن درختان کا پٹواریان تخمینہ تیار کرکے روانہ کرتے ہیں اون پر بوقت دخلدہانی نشان اندازی کیجاتی ہے۔ اجازت نامہ دفتر جنگلات سے جاری کیا جاتا ہے۔

نوٹ - آئندہ دفتر سے چار نقل ہر اجازت نامہ کی جاری کیجاوینگی ایک دفتر ہذا میں رہیگی دوسری مشتری کو اور دو نقل فارسٹر کو روانہ کیجاوینگی جن میں سے بوقت دخلدہانی ایک نقل پٹواری متعلقہ کو دیدی جاویگی

[illegible] دستخط کے لیے حضور سے احکام جاری ہوں۔ جملہ تحصیلدار صاحبان کو اطلاع کیجائے اور ایک نقل برائے شمول فائل دفتر جنگلات کو بھیجی جاوے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

جملہ فارسٹران کو دفتر سے اطلاع دیجائے۔

دستخط [illegible] افسر جنگلات

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ چہارم ماہ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳/۰ ، ۱۳/۱	۱۳/۰	۱۳/۰	۱۳/۰	۱۵/۰	۱۳/۰ ، ۱۳/۱۲	
نخود خالص	۱۶/۰	۱۶/۰	۱۶/۰	۱۸/۰	۱۶/۰	۱۵/۰	
نخود کشتہ آمیز	۱۷/۰	۱۷/۰	۱۸/۰	۱۹/۰	۱۷/۰	۱۶/۰	
گنہ	۱۸/۰	۳۰/۰	۱۹/۰	۱۹/۰	۳۰/۰	۱۷/۰ ، ۱۷/۱ ، ۱۸/۰	
ماش	۱۴/۰	۱۳/۰	۱۳/۰	۱۳/۰	۱۳/۰	۱۳/۰	
مونگ	۱۳/۰	۱۲/۰	۰	۰	۱۲/۰	۱۲/۰	
مکا	۱۸/۰	۰	۰	۰	۳۰/۰	۰	
جئی	۲۱/۰	۰	۲۲/۰	۰	۲۵/۰	۲۲/۰ ، ۲۳/۰	
کوجئی	۲۶/۰	۰	۰	۰	۲۰/۰	۱۸/۰ ، ۱۹/۰ ، ۲۰/۰	
مسور	۱۶/۰	۱۵/۰	۱۶/۰	۱۷/۰	۱۶/۰	۱۶/۰	
ارہر	۱۴/۰	۱۸/۰	۱۴/۰	۱۵/۰	۱۶/۰	۱۶/۰	
برنج	۹/۰ ، ۱۰/۰	۹/۰	۹/۰	۱۱/۰	۱۰/۰	۱۰/۰ ، ۱۰/۰	
روغن زرد	۲ روپیہ ٹنک	۲/۰	۲ روپیہ ٹنک	۲/۰	۲ روپیہ ٹنک	۲ روپیہ ٹنک	
روغن سیاہ	۳/۰	۳/۰	۴/۰	۳/۰	۳/۰	۳/۰	
روغن کنجد	۳/۰ ، ۳/۰	۳/۰	۳/۰	۳/۰	۳/۰	۳/۰	
نمک احمر	۹/۰	۹/۰	۸/۰	۹/۰	۱۰/۰	۹/۰	
نمک لاہوری	۵/۰	۸/۰	۶/۰	۷/۰	۰	۸/۰	
قند سیاہ	۹/۰	۸/۰	۹/۰	۸/۰	۸/۰	۸/۰	
باجرہ	۱۳/۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور